E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com..... 0333-4883972

Daily PUBLIC Faisalabad

MEMBER APNS

ABC Certified

روزنامہ پبلک فیصل آباد

فیصل آباد، کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت اشاعت پذیر

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 24 | بدھ 28 اکتوبر 2026ء/16 جمادی الاول 1448ھ/قیمت 10 روپے | شمارہ 256

ادارے کے 22 ہزار ملازمین کی کی بقاء کے لئے قابل عمل پلان وضع کریں ، وفاقی وزیر مواصلات کی ہدایت

بہتر بزنس پلان کیساتھ پاکستان پوسٹ کو ڈیجیٹلائز کرنا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے

عبدالعلیم خان

پاکستان پوسٹ کو منافع بخش اور خودکفیل ادارہ بنانے کے لیے اصلاحات ناگزیر ہیں، اگر بروقت اور موثر اقدامات نہ کیے گئے تو ادارے کے مستقبل کو مزید مشکلات کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے

اعلیٰ سطحی اجلاس میں پوسٹل سروس کے بنیادی مسائل ، موجودہ خسارے ، مالی مشکلات اور اُن کے حل پر غور

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور و ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان کو دہشتگردی کے خاتمے اور خطے میں امن کے قیام کے لیے سفارتی کوششیں اور مذاکرات ناگزیر ہیں، سپیکر

پاکستان اور خطے میں امن کیلئے سفارتی کوششیں ناگزیر ہیں، سپیکر

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پاک فوج، پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ہلاکاروں سمیت عام شہریوں نے بھی قربانیاں دی ہیں

موثر ویزہ اور بہتر سفری رابطے کسی بھی علاقے کی معاشی ترقی، کاروباری سرگرمیوں، تعلیم اور روزگار کے مواقع میں اضافے کا ذریعہ بنتے ہیں

کشمیری عوام کو اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق دیا جائے، خالد حسین گھمن

مسئلہ کشمیر کا منصفانہ حل اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہونا چاہیے، وفاقی وزیر

پاکستان ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی کے خاتمے کے لیے کوشاں ہے، قیصر احمد شیخ

متعلقہ حکام اور حکومت کو صورت حال سے آگاہ کیا جائے گا تاکہ عوام کو معیاری علاج، ادویات اور ماہر ڈاکٹروں کی سہولیات فراہم کی جاسکیں

جنگ کے اثرات خطے کی معیشت، تجارت اور عوامی زندگی پر مرتب ہو رہے ہیں ، وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ

ایف ڈبلیو او کے شفاف اور معتبر اداروں میں شامل ہے، طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور و ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے بینٹ کو بتایا ہے کہ فیڈرل پبلک سروس کمیشن ملک کے ان اداروں میں شامل ہے جو اپنی ساکھ، شفافیت اور میرٹ کے حوالے سے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 6)

لاہور: ہیڈکوارٹر ملک محمد احمد خان پنجاب آسکی کے اجلاس کی صدارت کیلئے آرہے ہیں

اچھالی جھیل پر فلیمنگو کی تعداد 10 سے بڑھ کر اس سیزن میں 60 سے تجاوز کر گئی

اچھالی جھیل پر مقامی اور ہجرت کر کے آنے والے فلیمنگو کی موجودگی حیاتیاتی تنوع کے حوالے سے اہمیت رکھتی ہے۔

مریم نواز نے ایکس پر اچھالی جھیل پر فلیمنگو اور سالٹ رینج میں اڑیال کے جھنڈ کی تصاویر بھی شیئر کیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ اچھالی جھیل پر فلیمنگو کی تعداد 10 سے بڑھ کر اس سیزن میں 60 سے تجاوز کر گئی ہے جبکہ ان پرندوں نے رینج میں اڑیال کے جھنڈ کی تصاویر بھی شیئر کیں۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ فلیمنگو کی تعداد میں اضافہ اور اڑیال کی اپنے قدرتی مسکن میں موجودگی جنگلی حیات کے تحفظ، (باقی صفحہ اندرونی نمبر 3) قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بہترین کارکردگی کا نتیجہ ہے۔ ساحلی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر مظفرگڑھ کے علاقوں کا بھی رخ کیا

فیصل آباد میں خطاطی کا مقابلہ و نمائش، ملک بھر کے نامور خطاطوں کی شرکت

کشنر ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے نمائش کا افتتاح کیا، نمایاں خطاطوں میں تعریفی اسناد تقسیم کی گئیں

تقریب کے اختتام پر نمایاں شرکت کرنے والے خطاطوں مظہر احمد بٹ، سیف اللہ نفیسی، محمد اصغر (اکاڑہ) و دیگر نے شرکت کی

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) نمش نمائش کا افتتاح کیا گیا، جس میں ملک بھر سے آرٹسٹ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام صرف تح آرٹسٹ اور خطاطوں اور فنکاروں نے شرکت کرتے ہوئے اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔ کمشنر فیصل آباد آرٹس فیصل آباد میں خطاطی کے مقابلے اور ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے نمائش کا افتتاح کیا، ارشاد جاوید (باقی صفحہ اندرونی نمبر 4)

ترکیہ کے سفیر کی وزیر دفاع سے ملاقات، دونوں جانب سے باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان میں جمہوریہ ترکیہ کے سفیر فرحان نذیر اوغلو نے اسلام آباد میں وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے ان کے دفتر میں ملاقات کی دونوں جانب سے باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ دوطرفہ دفاعی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 5)

لاہور: شائقین کرکٹ پاکستان اور سری لنکا کا میچ دیکھنے کیلئے آرہے ہیں

چھ معلی رجسٹریوں کے مقدمے میں رجسٹری محرر، رجسٹرار کی عبوری ضمانتوں کی درخواستیں مسترد

عدالت کا اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ میں 40 فیصد افسران کی ڈیپوٹیشن پر تعیناتی پر تشویش کا اظہار

محکمے میں ڈیپوٹیشن کا سلسلہ بند ہونا چاہیے، تب ہی محکمہ بہتر انداز میں کام کر سکے گا، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے چھ جعلی رجسٹریوں کے مقدمے میں رجسٹری محرر تاج محمد اور رجسٹرار محبوب علی کی عبوری ضمانتوں کی درخواستیں مسترد کردیں ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ محکمے میں ڈیپوٹیشن کا سلسلہ بند ہونا چاہیے، تب ہی محکمہ بہتر انداز میں کام کرسکے گا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم نے کیس کی سماعت کی ریمارکس دیئے کہ محکمے میں ڈیپوٹیشن کا سلسلہ ۔عدالتی حکم پر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 7)

نومئی کیس، حماد اظہر کے مزید جسمانی ریمانڈ کی استدعا مسترد

انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے پی ٹی آئی رہنما کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے 9 مئی کے مقدمے میں گرفتار پی ٹی آئی رہنما سابق وفاقی وزیر حماد اظہر کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا۔ پولیس نے مئی کو جسمانی ریمانڈ ختم ہونے پر حماد اظہر کو عدالت میں پیش کیا اور عدالت سے انکے مزید جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی۔

علی ڈار کی جونیئر ورلڈ کپ ٹیم میں گلوبل اے آئی اینڈ ڈیجیٹل سٹ 2026 میں پنجاب کی نمائندگی

لاہور (این این آئی) مشیر وزیراعلیٰ پنجاب برائے اے آئی و خصوصی اقدامات علی ڈار نے ورلڈ بیٹنگ کروپ کی دعوت پر جونیئر کوریا کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 8)

کشمالا لاہور نعمان یوسف کی زیر صدارت نہری پانی چوری کے حوالے سے اجلاس

تحصیل انتظامیہ محکمہ آبپاشی پولیس اور ایکسین شیخوپورہ کینال نے خفیہ اطلاع پر چوری پکڑنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) کشمالا لاہور ڈویژن نعمان یوسف کی زیر صدارت نہری پانی چوری کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں آر پی او شیخوپورہ رشنا اطہر اسماعیل، ڈی سی او آپریشنز لاہور ڈاکٹر فیصل کامران، چاروں اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز نے شرکت کی۔ کمشنر لاہور ڈویژن نعمان یوسف (باقی صفحہ اندرونی نمبر 18)

پاکستان کشمیریوں کے حق آزادی کیلئے ہر سطح پر کشمیریوں کے شانہ بشانہ کھڑا ہے، کشمالا لاہور

27 اکتوبر تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، کشمیر پر غاصبانہ قبضہ کیا گیا، نعمان یوسف

لاہور (این این آئی) کشمالا لاہور نعمان یوسف نے کہا ہے کہ 27 اکتوبر تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے کشمیر پر غاصبانہ قبضہ کیا گیا، آزادی کیلئے تحریک آج بھی محرم میں، بھارت کے ظلم و جبر سے کشمیری جلد نجات پائیں گے ظلم کی رات ختم ہو کر رہتی ہے، کشمیری جلد اپنی منزل پائیں گے۔ کمشنر لاہور نے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 16)

کشمیر کی آزادی اب بین الاقوامی ضمیر کا امتحان بن چکی ہے، سردار عتیق احمد خان

بھارتی ریاستی دہشتگردی کے باوجود جنت نظیر کشمیر کے بہادر عوام آج بھی اپنے جائز خودارادیت کے لیے ڈٹ کر کھڑے ہیں

مظفر آباد (دیر کورٹ) این این آئی) آل جموں و کشمیر مسلم کانفرنس کے صدر و سابق وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار عتیق احمد خان نے کہا ہے کہ 27 اکتوبر کو یوم سیاہ کے طور پر منظور پوری دہشتگردی کے باوجود جنت نظیر کشمیر کے بہادر عوام آج بھی اپنے جائز خودارادیت کے لیے ڈٹ کر کھڑے ہیں۔ بھارت کی ریاستی دہشتگردی کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کو نہیں دبا سکتی۔ کشمیری عوام کی لازوال جدوجہد آزادی کو شاندار الفاظ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 12)

یوم سیاہ کشمیر، کشمیریوں کی قربانیاں آزادی کی روشن تاریخ ہیں، سردار عتیق گھارڑو

اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت ملنا چاہیے

وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی قیادت میں حمایت جاری رہے گی، وزیر اقلیتی امور

لاہور (این این آئی) سوہنی وزیر اقلیتی امور سردار عتیق گھارڑو نے یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ متعبد وادی کے مظلوم کشمیری عوام کے ساتھ کامل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ کشمیریوں کی عظیم قربانیاں آزادی اور حق خودارادیت کی جدوجہد کی ایک روشن اور ناقابل فراموش تاریخ ہیں۔ انہوں نے عالمی برادری اور بین الاقوامی اداروں سے مطالبہ کیا کہ وہ کشمیریوں کے بنیادی انسانی حقوق کی پامالی کا نوٹس لیں اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیریوں کو ان کا حق خودارادیت دلوانے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ یہ یوم سیاہ کشمیر کے حوالے سے منعقدہ تقریبات کے لوگوں سے اظہار یکجہتی کے لئے آویزاں بیکڈراپ میں بریلی کی تیارت پیشل بیکڈری خصوصاً فعال کر رہے ہیں

اقوام متحدہ کا ضمیر کب جاگے گا، کشمیریوں کو حق خودارادیت کب ملے گا؟

کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں اور ان کی امنگوں کے مطابق حق خودارادیت دلانے کے لیے سنجیدہ اقدامات کریں

سابق گورنر و سابق وفاقی وزیر کا کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ

سالانگرہ (این این آئی) سابق گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور جیل حاضر نے کہا کہ عوام کی دہائیوں پر محیط جدوجہد قربانیوں اور سابق وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت 27 اکتوبر محض ایک تاریخ نہیں بلکہ کشمیری مظلومیت کی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 9)

Scanned with CamScanner

Daily PUBLIC Faisalabad

روزنامہ

پبلک

فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افضالی پرنٹنگ پریس پاک گول امین پور بازار سے چھپوا کر بلاٹ نمبر P-289 بلاک A ستارہ کالونی کالج روڈ سمن آباد فیصل آباد سے شائع کیا

ڈاک کے نظام کو ڈیجیٹلائز کرنا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے

وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کی زیر صدارت پاکستان پوسٹ کے اعلیٰ سطح کے اجلاس میں ادارے کو درپیش بنیادی مسائل، مالی خسارے، انتظامی مشکلات اور ڈیجیٹلائزیشن سمیت مجوزہ اصلاحات کے مختلف پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے پاکستان پوسٹ کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے، مالی استحکام کی بحالی اور ادارے کو منافع بخش بنانے کے لیے قابل عمل حکمت عملی کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈاک کے نظام کو ڈیجیٹلائز کرنا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے، تاہم گزشتہ 10 برسوں سے اس عمل کا التواء میں ہونا تشویشناک امر ہے۔ انہوں نے استفسار کیا کہ ڈیجیٹلائزیشن کے لیے ایگزم بینک کے ساتھ معاملات کہاں اور کیوں تعطل کا شکار ہیں اور اس اہم منصوبے میں اتنی طویل تاخیر کی کیا وجوہات ہیں؟ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا کہ پہلے مرحلے میں ملک کے 86 بڑے پوسٹ آفسز کو ڈیجیٹائز کیا جا سکتا ہے کیونکہ اس بارے میں بروقت اقدامات نہ ہونے کے باعث ادارہ جدید سہولتوں سے محروم ہے اور اپنے مقابل ترسیل کے دیگر اداروں سے مقابلہ نہیں کر پا رہا۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے واضح کیا کہ افسران کی کوتاہی کا نقصان پاکستان پوسٹ کے سارے ادارے کو ہوگا اور ضروری ہے کہ پاکستان پوسٹ سے وابستہ 22 ہزار ملازمین کے تحفظ کے لیے ضروری ہے کہ فوری طور پر موثر، جامع اور قابل عمل بزنس پلان سامنے لایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ مسابقتی ماحول میں پاکستان پوسٹ کو روایتی طریقہ کار سے آگے بڑھ کر جدید ٹیکنالوجی، بہتر انتظامی نظام اور موثر کاروباری حکمت عملی اپنانا ہوگی۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کہا کہ پاکستان پوسٹ کو منافع بخش اور خود کفیل ادارہ بنانے کے لیے اصلاحات ناگزیر ہیں، اگر بروقت اور موثر اقدامات نہ کیے گئے تو ادارے کے مستقبل کو مزید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ پاکستان پوسٹ کی استعداد، دستیاب وسائل اور مارکیٹ کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے جامع بزنس پلان تیار کیا جائے۔

صاف پانی ہر شہری کا حق، پنجاب میں واٹر فلٹریشن پلانٹس کی تکمیل اور گھروں تک فراہمی کا جامع منصوبہ

تجزیہ۔ راجا اشفاق

صاف پانی انسانی زندگی کی بنیادی ضرورت، صحت مند معاشرے کی تشکیل کا اہم ستون اور عوامی فلاح و بہبود کی بنیادی ضمانت ہے۔ پینے کے صاف پانی تک رسائی محض سہولت کا معاملہ نہیں بلکہ انسانی صحت، وقار اور بہتر معیار زندگی سے براہ راست تعلق رکھتی ہے۔ کسی بھی معاشرے کی ترقی کا حقیقی پیمانہ یہ بھی ہے کہ وہاں عام شہری کو بنیادی ضروریات کس حد تک میسر ہیں اور حکومت اس کی روزمرہ زندگی میں آسانیاں پیدا کرنے کے لیے کتنے موثر اقدامات کر رہی ہے۔ پنجاب میں صاف پانی کی فراہمی کے لیے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی جانب سے جون 2027 تک 5734 واٹر فلٹریشن پلانٹس مکمل کرنے کا ہدف اسی تناظر میں اہمیت رکھتا ہے۔ اس منصوبے کی افادیت صرف نئے فلٹریشن پلانٹس کی تنصیب تک محدود نہیں بلکہ ان کی نگرانی، مرمت، بحالی اور پانی کو شہریوں کے گھروں تک پہنچانے کے انتظامات بھی اس حکمت عملی کا حصہ ہیں۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق، صاف پانی کی فراہمی کے لیے کسی بھی منصوبے کی کامیابی کا انحصار اس بات پر ہوتا ہے کہ اس کے تحت کتنے پلانٹس نصب کیے گئے، کتنے فعال ہیں، پانی کا معیار کس حد تک برقرار رکھا جا رہا ہے اور عام شہری کو اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے کتنی آسانی میسر ہے۔ ماضی میں مختلف علاقوں میں واٹر فلٹریشن پلانٹس کی تنصیب کے باوجود ان کی دیکھ بھال، تکنیکی خرابیوں اور بروقت مرمت جیسے مسائل سامنے آتے رہے ہیں۔ اس لیے وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے نئے پلانٹس کی تکمیل کے ہدف کے ساتھ ان کی مسلسل نگرانی اور مرمت کے لیے انتظامی نظام وضع کرنا ایک قابل توجہ پیش رفت ہے۔ اگر اس نظام پر موثر انداز میں عمل درآمد کیا جائے تو نہ صرف صاف پانی کی دستیابی بہتر ہو سکتی ہے بلکہ سرکاری وسائل سے قائم کیے جانے والے منصوبوں کی افادیت اور پائیداری میں بھی اضافہ ہوگا۔

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت صاف پانی اتھارٹی کے خصوصی اجلاس میں جون 2027ء تک 5734 واٹر فلٹریشن پلانٹس مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا۔ اس فیصلے سے واضح ہوتا ہے کہ حکومت پنجاب صاف پانی کی فراہمی کو ایک منظم پروگرام کے تحت آگے بڑھانے کی خواہش رکھتی ہے۔ تاہم اس ہدف کی حقیقی کامیابی کے لیے ضروری ہے کہ ہر علاقے کی ضرورت، آبادی کے تناسب، پانی کے معیار اور دستیاب وسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے منصوبہ بندی کی جائے۔ شہری آبادیوں کے ساتھ دیہی علاقوں، دور افتادہ بستیوں اور ان مقامات کو بھی ترجیح دی جانی چاہیے جہاں لوگوں کو پینے کے صاف پانی کے حصول میں زیادہ مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

اس منصوبے کا ایک اہم پہلو واٹر فلٹریشن پلانٹس کی نگرانی متعلقہ اسسٹنٹ کمشنرز کے سپرد کرنا ہے۔ انتظامیہ کی مقامی سطح پر موجودگی سے توقع کی جا سکتی ہے کہ پلانٹس کی کارکردگی پر توجہ بڑھے گی، خرابیوں کی نشاندہی جلد ہوگی اور شہریوں کی شکایات کے ازالے میں آسانی پیدا ہوگی۔ اسسٹنٹ کمشنر کی سربراہی میں گلی محلوں کے فلٹریشن پلانٹس کے لیے عوامی کمیٹیوں کے قیام کا فیصلہ بھی اسی مقصد سے اہم ہے۔ مقامی لوگوں کو نگرانی کے عمل میں شریک کرنے سے نہ صرف عوامی اعتماد میں اضافہ ہو سکتا ہے بلکہ ان مسائل کی نشاندہی بھی ممکن ہوگی جو دور بیٹھے انتظامی افسران کی نظر سے اوجھل رہ جاتے ہیں۔

عوامی شرکت پر مبنی نگرانی کا نظام اسی وقت موثر ثابت ہو سکتا ہے جب کمیٹیوں کو واضح ذمہ داریاں دی جائیں، ان کی کارکردگی کا باقاعدہ جائزہ لیا جائے اور شکایات پر کارروائی کے لیے قابل عمل طریقہ کار موجود ہو۔ ان کمیٹیوں میں علاقے کے ذمہ دار افراد کی شمولیت، پلانٹس کی صفائی، پانی کی دستیابی اور مشینری کی خرابیوں سے متعلق معلومات کا باقاعدہ اندراج اور متعلقہ حکام تک بروقت رسائی اس نظام کو زیادہ نتیجہ خیز بنا سکتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ عوام کو یہ معلوم ہونا چاہیے کہ کسی پلانٹ کی خرابی یا پانی کے معیار سے متعلق شکایت کہاں درج کرائی جا سکتی ہے اور اس کے حل کے لیے کتنی مدت مقرر ہے۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق، صاف پانی کی فراہمی کے منصوبے میں نگرانی اور مرمت کا انتظام بنیادی اہمیت رکھتا ہے، کیونکہ کسی فلٹریشن پلانٹ کی تنصیب اس وقت تک مکمل کامیابی نہیں کہلا سکتی جب تک وہ طویل عرصے تک مسلسل اور معیاری خدمات فراہم نہ کرے۔ حکومت کی جانب سے ہر تحصیل میں واٹر فلٹریشن پلانٹس کی مرمت و بحالی کے لیے موبائل مینٹیننس یونٹس قائم کرنے کا فیصلہ اسی ضرورت کو پورا کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ ان موبائل یونٹس میں پلمبر اور دیگر تکنیکی عملے کی تعیناتی سے توقع ہے کہ مشینری، پائپ لائنوں اور پانی کی فراہمی کے نظام میں پیدا ہونے والی خرابیوں کو دور کرنے میں مدد ملے گی۔

موبائل مینٹیننس یونٹس کی کامیابی کے لیے ضروری ہے کہ انہیں مناسب آلات، ضروری پرزہ جات اور تکنیکی سہولتوں سے آراستہ کیا جائے۔ ان کی سرگرمیوں کا باقاعدہ ریکارڈ مرتب کیا جائے اور یہ دیکھا جائے کہ کس علاقے میں کتنے پلانٹس خراب ہوئے، کتنی مدت میں مرمت کی گئی اور کتنے پلانٹس دوبارہ فعال ہوئے۔ اگر مرمت کے لیے کسی مرکزی دفتر سے اجازت یا وسائل کی فراہمی میں غیر ضروری تاخیر ہوتی رہی تو اس اقدام کے مطلوبہ نتائج متاثر ہو سکتے ہیں۔ اس لیے انتظامی اختیارات اور وسائل کی فراہمی میں ایسی ہم آہنگی ضروری ہے جو عوام کو کم سے کم وقت میں سہولت فراہم کرنے کے قابل بنائے۔

پانی کی فراہمی کے منصوبوں میں ایک اور بنیادی تقاضا معیار کی مسلسل جانچ ہے۔ فلٹریشن پلانٹ سے حاصل ہونے والا پانی اسی وقت صحت کے لیے مفید ثابت ہو سکتا ہے جب اس کی صفائی اور معیار مقررہ تقاضوں کے مطابق ہوں۔ اس مقصد کے لیے پانی کے نمونوں کی باقاعدہ جانچ، فلٹریشن نظام کی بروقت تبدیلی اور متعلقہ تکنیکی عملے کی تربیت کو منصوبے کا لازمی حصہ بنایا جانا چاہیے۔ پانی کی فراہمی کے نظام میں شفافیت اور جواب دہی یقینی بنانے کے لیے پلانٹس کی فعالیت، پانی کے معیار اور مرمت سے متعلق معلومات عوام تک پہنچانا بھی مفید ہوگا۔

اس طرح حکومت کی کارکردگی کا جائزہ محض تنصیب کے اعداد و شمار سے نہیں بلکہ شہریوں کو حاصل ہونے والی حقیقی سہولت کی بنیاد پر لیا جا سکے گا۔

صاف پانی کی فراہمی کے حوالے سے وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے لاسٹ مائل واٹر سپلائی پراجیکٹ کی منظوری بھی خصوصی توجہ کی مستحق ہے۔ اس منصوبے کے تحت چکوال، راجن پور اور راولپنڈی کے زیادہ متاثرہ علاقوں میں پانی پہنچانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

سیکیورٹی فورسز کی موثر کارروائیاں، دہشت گرد حملوں میں 66 فیصد کمی قومی عزم اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظہر

تجزیہ بی این پی

پاکستان کو درپیش دہشت گردی کا چیلنج محض امن و امان کا مسئلہ نہیں بلکہ قومی سلامتی، معاشی استحکام، سماجی ترقی اور عوام کے محفوظ مستقبل سے براہ راست جڑا ہوا معاملہ ہے۔ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز کی مسلسل کارروائیاں، انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر بروقت اقدامات اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے مابین موثر رابطہ قومی دفاعی حکمت عملی کے بنیادی ستون ہیں۔ بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں حالیہ کارروائیوں کے دوران دہشت گردوں کے خلاف حاصل ہونے والی کامیابیاں اور پانچ ہفتوں کے دوران دہشت گرد حملوں میں تقریباً 66 فیصد کمی کی رپورٹ حوصلہ افزا پیش رفت ہے۔ یہ صورت حال اس امر کی نشاندہی کرتی ہے کہ مربوط حکمت عملی، مسلسل نگرانی اور پیشہ ورانہ تیاری کے ذریعے دہشت گرد نیٹ ورکس کی سرگرمیوں کو محدود کیا جا سکتا ہے۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق، پاکستان انسٹی ٹیوٹ فار کانفلکٹ اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز کی رپورٹ میں سامنے آنے والے اعداد و شمار اس حوالے سے خصوصی اہمیت رکھتے ہیں کہ 18 سے 24 ستمبر کے دوران ملک میں دہشت گردی کے 61 واقعات رپورٹ ہوئے، جبکہ 16 سے 22 اکتوبر کے دوران ان کی تعداد کم ہو کر 21 رہ گئی۔ یوں پانچ ہفتوں کے دوران حملوں میں تقریباً 66 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ یہ اعداد و شمار سیکیورٹی اداروں کی کوششوں کے مثبت نتائج کی طرف اشارہ کرتے ہیں، تاہم دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے اس پیش رفت کو برقرار رکھنا اور خطرات کی بدلتی نوعیت کے مطابق حکمت عملی کو مزید موثر بنانا ضروری ہے۔

رپورٹ کے مطابق گزشتہ ہفتے کے مقابلے میں دہشت گرد حملوں میں 38 فیصد کمی ہوئی، جبکہ ان واقعات میں زخمی ہونے والے افراد کی تعداد بھی 20 سے کم ہو کر 11 رہ گئی۔ اسی عرصے میں سیکیورٹی فورسز نے دس کارروائیوں کے دوران 33 عسکریت پسندوں کو ہلاک کیا۔ ان اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ دہشت گردوں کی عملی صلاحیتوں کو محدود کرنے کے لیے مختلف سطحوں پر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ تاہم کسی بھی کامیابی کا حقیقی پیمانہ صرف دہشت گرد حملوں کی تعداد میں کمی نہیں، بلکہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ، معمولات زندگی کی بحالی اور عوام میں احساس تحفظ کا فروغ بھی ہے۔

بلوچستان کے ضلع قلعہ سیف اللہ میں آپریشن ردالفتنہ تین کے تحت انٹیلی جنس بنیادوں پر کی گئی کارروائی اس سلسلے کی ایک اہم مثال ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی میں فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والا دہشت گرد کمانڈر عادل شاہ عرف درویش ہلاک ہوا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ وہ دسمبر 2020 سے اس گروہ سے وابستہ تھا اور 2024 سے اس کے مالی معاملات کی نگرانی کر رہا تھا۔ اس پر الزام تھا کہ وہ غیر مقامی دہشت گردوں کو ژوب، شیرانی اور شعبان کے علاقوں میں مستقل رہائش فراہم کرنے میں مدد دیتا تھا۔ مزید برآں، وہ 2022 اور 2023 کے دوران سیکیورٹی فورسز پر حملوں اور اغوا برائے تاوان کے لیے بھتہ خوری میں بھی ملوث رہا۔ اس کے خلاف انسداد دہشت گردی کی عدالتوں میں 19 مقدمات درج ہونے اور سر کی قیمت 25 لاکھ روپے مقرر ہونے کی اطلاعات بھی سامنے آئی ہیں۔

کسی دہشت گرد تنظیم کی سرگرمیوں کو محدود کرنے کے لیے اس کی افرادی قوت کے ساتھ مالی معاونت، محفوظ پناہ گاہوں، نقل و حرکت اور رابطوں کے نظام کو متاثر کرنا بھی ضروری ہوتا ہے۔ ایسے عناصر کے خلاف انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر کارروائیاں اس لیے اہم ہیں کہ ان کے ذریعے دہشت گرد نیٹ ورکس کی تنظیمی صلاحیت کم کی جا سکتی ہے۔ اگر ان کارروائیوں کے ساتھ مالی وسائل کی فراہمی روکنے، غیر قانونی اسلحے کی ترسیل پر قابو پانے اور سہولت کاری کے راستے بند کرنے کے اقدامات بھی مسلسل جاری رہیں تو دہشت گرد گروہوں کے لیے دوبارہ منظم ہونا زیادہ مشکل ہو سکتا ہے۔

خیبر پختونخوا کے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے زرکانی میں 24 اکتوبر کو کی جانے والی کارروائی بھی دہشت گردی کے خلاف جاری جدوجہد کا اہم واقعہ ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق، علاقے میں خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس بنیادوں پر آپریشن کیا گیا۔

اہل کشمیر کی آواز اور حق خودارادیت کی جدوجہد

تجزیہ بی این پی

مقبوضہ جموں و کشمیر میں جاری جدوجہد آزادی محض ایک علاقائی تنازع نہیں بلکہ حق خودارادیت، انسانی وقار، بنیادی حقوق اور عوامی خواہشات کے احترام کا ایسا مسئلہ ہے جس کے اثرات پورے جنوبی ایشیا کے امن و استحکام سے جڑے ہوئے ہیں۔ گزشتہ کئی دہائیوں سے کشمیری عوام اپنے سیاسی مستقبل کے تعین اور بنیادی حقوق کے حصول کے لیے مختلف مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں، لیکن بھارتی حکومت کی سخت پالیسیوں اور مسلسل دباؤ کے باوجود ان کی شناخت، حقوق اور سیاسی مستقبل سے وابستہ سوالات آج بھی پوری قوت کے ساتھ موجود ہیں۔ ایسے حالات میں مقبوضہ کشمیر کے سابق وزیراعلیٰ اور نیشنل کانفرنس کے سربراہ فاروق عبداللہ کا حالیہ بیان خاص اہمیت رکھتا ہے، جس میں انہوں نے کشمیریوں کو اپنے حقوق کے لیے متحد ہونے، سچ کا ساتھ دینے اور اپنے مستقبل کے تحفظ کے لیے ثابت قدم رہنے کی تلقین کی ہے۔

بارہ مولا میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے فاروق عبداللہ نے کہا کہ پاکستان کشمیریوں کے ساتھ کھڑا ہے اور عالمی سطح پر مسئلہ کشمیر کے حل کی ضرورت کو اجاگر کرتا ہے۔ انہوں نے بھارتی حکومت کی پالیسیوں پر تنقید کرتے ہوئے اس امر کی نشاندہی کی کہ حکومتی دعوؤں اور عملی اقدامات میں نمایاں فرق محسوس کیا جاتا ہے۔ ان کے بقول، کشمیریوں کو یہ حقیقت سمجھنا ہوگی کہ اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے انہیں خود بھی سیاسی شعور، اتحاد اور ثابت قدمی کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر کشمیری اپنی شناخت اور حقوق کے معاملے پر خاموش رہے تو ان کے قومی تشخص اور مستقبل کو سنگین خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔

فاروق عبداللہ کے بیان کا بنیادی پیغام یہ ہے کہ کسی بھی قوم کے حقوق محض حکومتی دعوؤں یا وعدوں سے محفوظ نہیں ہوتے بلکہ ان کے لیے آئینی ضمانتوں، جمہوری آزادیوں، سیاسی نمائندگی اور عوامی خواہشات کے احترام کی ضرورت ہوتی ہے۔ ان کا یہ کہنا کہ سچ بولنے اور اس پر قائم رہنے کا حوصلہ پیدا کرنا ہوگا، مقبوضہ کشمیر کی موجودہ سیاسی صورت حال کے تناظر میں قابل توجہ ہے۔ ان کے نزدیک کشمیری عوام کے مستقبل کا تحفظ اسی وقت ممکن ہے جب ان کے بنیادی حقوق اور سیاسی خواہشات کو سنجیدگی سے تسلیم کیا جائے۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق، فاروق عبداللہ کی گفتگو اس امر کی عکاسی کرتی ہے کہ مقبوضہ کشمیر کے اندر سیاسی مستقبل، علاقائی شناخت اور آئینی حقوق سے متعلق بحث بدستور جاری ہے۔ ان کے بیان کو صرف پاکستان کے حق میں ایک سیاسی اظہار قرار دینا کافی نہیں ہوگا، کیونکہ اس میں بھارتی حکومت کی پالیسیوں، کشمیریوں کی سیاسی حیثیت اور ان کے مستقبل سے متعلق بنیادی سوالات بھی شامل ہیں۔ یہ سوالات اس وقت تک اپنی اہمیت برقرار رکھیں گے جب تک کشمیری عوام کو اپنے مستقبل کے تعین کے حوالے سے قابل قبول اور منصفانہ حل میسر نہیں آتا۔

فاروق عبداللہ کے بیان پر بھارتیہ جنتا پارٹی نے سخت ردعمل ظاہر کیا۔ مقبوضہ کشمیر میں بی جے پی کے صدر ست شرما نے ان سے مطالبہ کیا کہ وہ بھارتی عوام سے معافی مانگیں، جبکہ یہ بھی کہا کہ اگر انہیں پاکستان سے اتنی محبت ہے تو وہ وہاں جا کر آباد ہو جائیں۔ اس ردعمل سے ظاہر ہوتا ہے کہ مسئلہ کشمیر پر سیاسی اختلافات اب بھی شدید ہیں اور پاکستان کے ساتھ تعلقات یا کشمیریوں کے حقوق کے حوالے سے مختلف سیاسی جماعتوں کے موقف میں نمایاں خلیج موجود ہے۔ تاہم کسی سیاسی رہنما کے بیان کا جواب ذاتی نوعیت کے طعنوں یا کسی کو علاقہ چھوڑنے کا مشورہ دینے سے دینے کے بجائے دلیل، مکالمے اور جمہوری اصولوں کی روشنی میں دیا جانا چاہیے۔ اگر بھارت خود کو ایک جمہوری ریاست قرار دیتا ہے تو وہاں اختلاف رائے، سیاسی تنقید اور عوامی حقوق کے سوالات کے لیے گنجائش ہونی چاہیے۔ کسی رہنما کے موقف سے اختلاف کرنا سیاسی حق ہے، لیکن اختلاف کے جواب میں اس کی حب الوطنی پر سوال اٹھانا یا اسے ملک چھوڑنے کا مشورہ دینا مسئلے کے بنیادی پہلوؤں کو حل نہیں کرتا۔ کشمیر کے مستقبل سے متعلق حقیقی پیش رفت کے لیے ضروری ہے کہ سیاسی اختلافات کو دبانے کے بجائے ان کے اسباب کو سمجھا جائے اور عوامی خواہشات کو اہمیت دی جائے۔

برصغیر کی تقسیم کے وقت ریاست جموں و کشمیر کا مسئلہ ایک پیچیدہ تاریخی اور سیاسی صورت اختیار کر گیا تھا۔ تقسیم کے عمومی اصولوں میں مسلم اکثریتی علاقوں کی پاکستان سے وابستگی کو اہمیت حاصل تھی۔

مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کے بغیر جنوبی ایشیا میں پائیدار امن ممکن نہیں

کشمیری قوم بھارت کے ناجائز تسلط کے خلاف جاری جدوجہد میں بے مثال قربانیاں دے رہی ہے، رہنما مسلم کانفرنس

مظفرآباد/دھیرکوٹ/باغ/نیلم (این این آئی) آزاد جموں و کشمیر مسلم کانفرنس کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ 27 اکتوبر، کشمیریوں کیلئے تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے جب بھارت نے جموں و کشمیر پر زبردستی قبضہ کر کے عوام کی خواہشات اور بین الاقوامی قوانین کی دھجیاں اڑائیں۔ اسی روز سے کشمیری قوم بھارت کے ناجائز تسلط کے خلاف جاری جدوجہد میں بے مثال قربانیاں دے رہی ہے۔ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کے بغیر جنوبی ایشیا میں پائیدار امن ممکن نہیں۔ پاکستان کشمیری عوام کی لازوال قربانیوں کا محور و مرکز ہے اور پاکستانی افواج، قوم اور کشمیری عوام کے درمیان نظریاتی رشتہ ناقابل تسخیر ہے۔ تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے سابق صدر مسلم کانفرنس مرزا محمد شفیق جرال (ایڈووکیٹ)، جنرل سیکرٹری محترمہ مہر النساء، یوتھ ونگ کے چیئرمین سردار عثمان علی خان، سابق وزیر حکومت شمیم علی ملک، چیئرپرسن خواتین ونگ سمعیہ ساجد راجہ، میجر (ر) نصراللہ خان، نائب صدر مسلم کانفرنس راجہ ظفر معروف، میمونہ کیانی (ایڈووکیٹ)، شیخ مقصود احمد، سجاد انور عباسی، ممبر ضلع کونسل نسرین اختر راجہ، سید یاسر نقوی (ایڈووکیٹ)، سید تصور موسوی، چوہدری خضر حیات، قریشی، وحید الحق ہاشمی، جہانداد عباسی، راجہ محمد لطیف حسرت، راجہ زرین خان، ساغر آزاد، شایان آصف، شاہدہ تبسم شامل دیگر نے مختلف کہا کہ ریاستی عوام نے بھارتی قبضے کے خلاف 79 سال میں لاکھوں جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔

آئی پیک گروپ کا پہلی سہ ماہی میں 705 ملین روپے بعد از ٹیکس منافع

ریونیو میں 9.2 فیصد اضافہ، برآمدی فروخت تقریباً دوگنی ہو کر 3.515 ارب روپے تک پہنچ گئی

کراچی (این این آئی) انٹرنیشنل پیکجنگ فلمز لمیٹڈ (آئی پیک) گروپ نے 30 ستمبر 2026 کو ختم ہونے والی پہلی سہ ماہی کے مالیاتی نتائج کا اعلان کر دیا، جس کے مطابق گروپ کا مجموعی ریونیو گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 9.2 فیصد اضافے سے 11.13 ارب روپے ہو گیا، جبکہ بعد از ٹیکس منافع 705 ملین روپے ریکارڈ کیا گیا۔ گزشتہ سال کی پہلی سہ ماہی میں گروپ کا بعد از ٹیکس منافع 704 ملین روپے تھا، جبکہ فی حصص آمدنی 1.08 روپے کے مقابلے میں اس سال 1.01 روپے رہی۔ منافع کے مارجن پر دباؤ کے باوجود گروپ منافع کو گزشتہ سال کی سطح کے قریب برقرار رکھنے میں کامیاب رہا۔

ایران نے یورپ اور امریکا کو نشانہ بنانے والے میزائل تیار کر لیے، صدر ٹرمپ

امریکا نے ایران کے ساتھ جنگ شروع نہیں کی بلکہ ایران نے امریکا کے خلاف جنگ شروع کی، انتخابی ریلی سے خطاب

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ ایران نے ایسے میزائل تیار کر لیے جو یورپ تک پہنچنے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور سان ڈیاگو اور لاس اینجلس سمیت امریکا کے دیگر شہروں کو بھی نشانہ بنا سکتے ہیں۔ امریکی ریاست مسیسپی میں انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ امریکا نے ایران کے ساتھ جنگ شروع نہیں کی بلکہ ایران نے امریکا کے خلاف جنگ شروع کی۔ ٹرمپ نے فوجی کارروائی کے معاشی اثرات کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ انہیں توقع تھی کہ تیل کی قیمتیں اس سے کہیں زیادہ بڑھ جائیں گی۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ اس اقدام کے لیے پوری طرح تیار تھے کیونکہ امریکا کے پاس کوئی دوسرا راستہ نہیں تھا اور یہ کارروائی بہت پہلے ہونی چاہیے تھی۔

ایم ایس سول ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر ہادی کاکڑ کی ذاتی کوششوں سے ہسپتال میں داخل مریضوں کو مفت ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے، صلاح الدین کبزئی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی رہنما صلاح الدین کبزئی نے ایم ایس سول ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر ہادی کاکڑ کی کارکردگی کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ موصوف نے جب سے ایم ایس کے عہدے کا چارج سنبھالا ہے ہسپتال میں مریضوں کو سہولیات اور مفت ادویات کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا ہے اور عوام کو علاج معالجے کی بہتر سہولیات میسر آئی ہیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں صلاح الدین کبزئی نے کہا کہ سول ہسپتال کوئٹہ صوبے کا سب سے بڑا سرکاری ہسپتال ہے جہاں کوئٹہ کے علاوہ صوبے بھر سے لوگ علاج معالجے کیلئے آتے ہیں۔

کنٹرول لائن کے دونوں جانب اور دنیا بھر میں مقیم کشمیریوں نے یوم سیاہ منایا

عالمی برادری مقبوضہ جموں و کشمیر کے مظلوم عوام کو اپنے مادر وطن پر بھارت کا ناجائز قبضہ ختم کرانے میں مدد کرے

سرینگر (این این آئی) کنٹرول لائن کے دونوں جانب اور دنیا بھر میں مقیم کشمیریوں نے 27 اکتوبر کو یوم سیاہ منایا۔ یہ دن منانے کا مقصد دنیا پر واضح کرنا ہے کہ بھارت نے 1947 سے انکے وطن پر انکی خواہشات کے خلاف، فوجی طاقت کے ذریعے غیر قانونی قبضہ کر رکھا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی فوجیوں نے 1947 کو آج ہی کے دن تقسیم برصغیر کے منصوبے کی کھلی خلاف ورزی کرتے ہوئے جموں و کشمیر پر فوجی حملہ کیا اور کشمیری عوام کی مرضی کے برخلاف اس پر غیر قانونی قبضہ جما لیا تھا۔ تب سے، کشمیری عوام بھارت کے غیر قانونی قبضے سے آزادی اور اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کرنے کے حق کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں۔ بھارتی فوج کی طرف سے 27 اکتوبر 1947 کو علاقے پر حملے اور 5 اگست 2019 کو نریندر مودی کی زیر قیادت ہندوتوا حکومت کی طرف سے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت کی منسوخی کے خلاف آزاد جموں و کشمیر، پاکستان اور دنیا بھر میں احتجاجی مارچ، ریلیاں اور سیمینارز کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔

جے ایس ایم یو میں یوم سیاہ کشمیر، کشمیری عوام سے یکجہتی کا اظہار

حق خودارادیت اجاگر کرنے کے لیے تقریب اور ڈیجیٹل پوسٹر مقابلہ، حبا اسد پہلی پوزیشن پر رہیں

کراچی (این این آئی) جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی (جے ایس ایم یو) میں یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر شعبہ امور طلبہ کے زیر اہتمام یکجہتی پروگرام اور ڈیجیٹل پوسٹر مقابلے کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد مسئلہ کشمیر کو اجاگر کرنا اور کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی حمایت کا اظہار کرنا تھا۔ پروگرام میں تقاریر، کشمیری ملی نغموں اور دستاویزی فلم کی نمائش کے ذریعے کشمیری عوام کو درپیش مشکلات کو اجاگر کیا گیا۔

روشن ویلفیئر ٹرسٹ کا سجاول کے گاؤں کے لیے تحفہ، جلد مدرسہ کا افتتاح کر دیا جائے گا

گاؤں اور گرد و نواح کے بچے قرآن مجید اور سنت نبوی ﷺ کی تعلیم حاصل کریں گے۔ محمد سلیم عطاری

کراچی (این این آئی) سندھ کے ضلع سجاول کے گاؤں نوح ولڑو میں روشن ویلفیئر ٹرسٹ کے زیر اہتمام دینی تعلیم کی ترویج کے لیے قائم کیے جانے والے "مدرسہ ذوالنورین" کا تعمیری کام تیزی سے جاری ہے۔ روشن ویلفیئر ٹرسٹ کے چیئرمین سماجی رہنما محمد سلیم عطاری نے وائس چیئرمین محمد کامران اسحاق و دیگر کے ہمراہ تعمیراتی سائٹ کا تفصیلی دورہ کیا اور کام کے معیار کا جائزہ لیا۔ اس موقع میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محمد سلیم عطاری نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے کہا کہ "شکر الحمدللہ! مدرسہ کا تعمیراتی کام تقریباً مکمل ہونے والا ہے"

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب/اے ڈی ایل آر صاحب تحصیل جھنگ

تصدیق انتقال وراثت موضع کل کوارئی تحصیل و ضلع جھنگ ہر گاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ متوفی حال غلام ولد محمد خان کے وارثان راجن، خانن زوجگان پہلے فوتشدہ فلکشیر، شمشیر خان، شہناز بی بی پسران دختر زندہ اماں راجن، عامر شہزاد پسر زندہ اماں خانن بی بی ہیں کوئی دیگر وارث ہو تو اندر 7 یوم پیش عدالت ہوں ورنہ انتقال تصدیق کر دیا جائے گا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب/اے ڈی ایل آر صاحب تحصیل جھنگ

تصدیق انتقال وراثت موضع دواب تحصیل و ضلع جھنگ ہر گاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ متوفی حال عطاء محمد ولد اعجاز حسین کے وارثان میں جتاں، اعجاز حسین والدین پہلے فوتشدہ کلثوم بی بی بیوہ زندہ، محمد عدیل عطاء، توصیف، نجمہ بی بی، عصمت، عذرا بی بی، آسیہ بی بی، شازیہ بی بی، نازیہ بی بی پسران دختران زندہ ہیں کوئی دیگر وارث ہو تو اندر 7 یوم پیش عدالت ہوں ورنہ انتقال تصدیق کر دیا جائے گا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب/اے ڈی ایل آر صاحب تحصیل جھنگ

تصدیق انتقال وراثت موضع ششی پنچ تحصیل و ضلع جھنگ ہر گاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ متوفی حال جیون بخش ولد دریام کے وارثان میں دریام، اللہ جوائی والدین پہلے فوتشدہ، غلام فاطمہ زوجہ پہلے فوتشدہ، محمد اسلم پسر بعد فوتشدہ ہیں کوئی دیگر وارث ہو تو اندر 7 یوم پیش عدالت ہوں ورنہ انتقال تصدیق کر دیا جائے گا

بعدالت جناب میاں اللہ دتہ صاحب نائب تحصیلدار جھنگ

درخواست تقسیم اراضی کھاتہ نمبر 125/123 واقع چک سیدوالہ تحصیل و ضلع جھنگ اکبر بنام نعمت بیوہ ہمایوں زبیدہ بی بی دختر ہمایوں گلزار احمد ولد عطاء ولد امیر خیراں بیوہ یارا روشاں دختر نورا دریام ولد لالہ نور بخت دختر امیر سکندر ولد سکھا ظفر اقبال ولد امیر نورا سارنگ ولد صالحوں بخت بھری دختر ہمایوں بکھاں دختر لالہ صاباں دختر ہمایوں نوراں بیوہ لالہ سرور ولد یار خورشید دختر ہمایوں اللہ دتہ محمد اسلم رحم محمد ثقلین محمد طاہر شمیم فاطمہ بی بی سرداں پسران دختران بیوہ ہمایوں بخت دختر یارا سکینہ بی بی زوجہ ظفر عباس فاطمہ دختر لالہ انور ولد یارا صاباں بیوہ سکھا ذوالفقار علی ولد صالح محمد محمد خان ولد صالحوں اقوام جٹ ہرل سکنان چک سیدوالہ تحصیل و ضلع جھنگ مدعا علیہم بتقرر 30/10/26 بوقت 9 بجے حاضر عدالت ہوں ورنہ یکطرفہ کارروائی ہوگی

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب/اے ڈی ایل آر صاحب تحصیل جھنگ

تصدیق انتقال وراثت موضع کالووآنہ تحصیل و ضلع جھنگ ہر گاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ متوفی حال محمد اسلم ولد محمد بخش کے وارثان میں محمد بخش، راج بی بی والدین پہلے فوتشدہ شمشاد پروین بیوہ زندہ، محمد اکرم انعام اللہ، محمد احسان انعام اللہ، تحریم سلطان، مدیحہ امیر، سارہ امیر، ماشاء اسلم پسران دختران زندہ ہیں کوئی دیگر وارث ہو تو اندر 7 یوم پیش عدالت ہوں ورنہ انتقال تصدیق کر دیا جائے گا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب/اے ڈی ایل آر صاحب تحصیل جھنگ

تصدیق انتقال وراثت موضع دواب/موضع ششی پنچ تحصیل و ضلع جھنگ ہر گاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ متوفی حال محمد اسلم ولد جیون بخش کے وارثان میں جیون بخش، غلام فاطمہ والدین پہلے فوتشدہ، کوثر پروین بیوہ زندہ، محمد عظیم، محمد فہیم، شاہدہ اسلم پسران دختر زندہ ہیں کوئی دیگر وارث ہو تو اندر 7 یوم پیش عدالت ہوں ورنہ انتقال تصدیق کر دیا جائے گا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب/اے ڈی ایل آر صاحب تحصیل جھنگ

تصدیق انتقال وراثت موضع پنڈی مددکی تحصیل و ضلع جھنگ ہر گاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ متوفی حال ذوالفقار خان ولد محمد بخش کے وارثان فقہ حنفیہ میں محمد نیاں بی بی، والدین پہلے فوتشدہ، سکینہ بی بی زوجہ پہلے فوتشدہ، غلام شبیر پسر زندہ، محمد منیر پسر بعد فوتشدہ، حلیمہ بی بی دختر زندہ ہیں کوئی دیگر وارث ہو تو اندر 7 یوم پیش عدالت ہوں ورنہ انتقال تصدیق کر دیا جائے گا

TENDER NOTICE.

BIDDING DOCUMENT FOR THE PURCHASE OF PLANT & MACHINERY AND FURNITURE & FIXTURE FOR THE OFFICE OF CITY POLICE OFFICER, FAISALABAD UNDER FRAMEWORK CONTRACT FOR THE F.Y 2026-27.

City Police Officer, Faisalabad invites E-Bid/Proposal (through Frame work contract) based on PPRA Rules 2014 & E-Procurement from well-reputed and financially sound firms, companies, suppliers, manufacturers or authorized agencies/dealers/supplier/distributors (if applicable) etc., having previous experience registered with relevant registration authorities and Tax Department/Authorities i.e. income tax, sales tax as well as Punjab sales tax department (where applicable) and professional tax through open competitive bidding (as a whole) for the purchase of following head of account for the Financial Year 2026-27. E-bids or proposals are to be addressed to the City Police Officer, Faisalabad.

DETAIL OF TENDER UNDER FOLLOWING HEADS

Sr. No	Nature of Procurement	Estimated Cost. (In Million)	Bid Security CDR 2%
1	Purchase of Plant & Machinery, and Furniture & Fixture etc	50 Million	1,000,000
	Total	50 Million	1,000,000

CONDITIONS

1. E-Bids or Proposals tender would be opened on E-Procurement 12.11.2026 at 11:00 A.M under PPRA Rule-30 (1) in the presence of bidders or their representatives.
2. All the Procurements will be made by using electronic means through E-PROCUREMENT & under Rule-12 of PPRA-2014 and amendment notification No.MD (PPRA) 50-BOM/2024 dated 06-03-2024 of Punjab Procurement Regulations 2024. The bidding documents containing all terms & conditions, requirements, specifications, etc. can be downloaded online at PPRA i.e. http://ppra.punjab.gov.pk and E-PROCUREMENT website i.e. http://punjab.eprocure.gov.pk before closing date and time. Bidding documents in accordance with Rule 25(2) will be available immediately after the date of publication under Rule 25(1) free of cost on PPRA Website and E-PROCUREMENT. In case of a public holiday due to any reason, the date of opening the tender will be considered the next working day.
3. The URL of the website of the PPRA is (http://eproc.punjab.gov.pk/ViewTender.aspx) and response time shall be calculated exclusively from the date of publication of the advertisement on the website of the PPRA.
4. As item wise basis E-bids or Proposals, complete bid documents including Technical & Financial documents separately (inclusive of all taxes) will be submitted online on the E-Procurement system (eP) Website as per the following schedule: -

E-Bids or Proposal of Submission Date & Time	12-11-2026 till 10:00 A.M
E-Bid or Proposal opening Date & Time (Tender would be opened in the presence of bidders or their representatives)	12-11-2026 till 11:00 A.M

5. The bidders shall submit original **bid security of 2% (hard form)** as a whole/heads of estimated price as mentioned in the table above under Rules 27 of PPRA 2014 in shaped CDR/Bank Draft/demand draft/pay order of any scheduled bank in favour of the City Police Officer, Faisalabad before the opening time of tender uploaded on E-Procurement. The original affidavit (hard form) as a whole/head shall be submitted in an envelope clearly marked with bidding document head number and title and a scanned copy of it shall also be uploaded on E-PROCUREMENT.
6. On acceptance of tenders, the bidders shall deposit a **performance guarantee under PPRA Rules 2014, section 56, @02%** of the total value of the contract in the form of bank guarantee/CDR/Pay order in the name of the City Police Officer, Faisalabad and draw the contract agreements. The performance guarantee shall be refunded on successful completion of the contract.
7. Any bidder may participate in tender as a whole/head. All prospective bidders shall be required to quote a rate for each/every item in the whole/head package. Any item mentioned without a quoting rate shall make the bid non-responsive. The lowest evaluated bidder shall be awarded the contract of the entire whole/head package.
8. (1) The Procuring Agency reserves the right to reject all E-Bids or proposals at any time before the acceptance of E-Bids or proposals under Rules 35 of PPRA 2014.
(2) The Procuring Agency shall upon request communicate to any bidder, the grounds for its rejection of any or all E-Bids or proposals, but shall not be required to justify those grounds.
9. The tendering process/conditions will be as per Punjab Procurement Rules, 2014. Section 38(1)"Single Stage Two Envelop bidding procedure" as explained in bidding documents.
10. Technical samples/brochures etc. (which demanded) for each item shall be mandatory and will be evaluated. Within five days after opening the tender/bid.
11. Bidding Documents/proposals, duly completed, signed, stamped and in complete conformity with Bidding Documents must be submitted online on the Punjab e-procurement System (eP) website i.e., https://punjab.eprocure.gov.pk
12. Bids that are incomplete, not signed and stamped, late, or submitted by the other than a specified mode will not be considered.
13. Bidders are advised to ensure uploading the Bids on E-PROCUREMENT Portal, well before the submission deadline, and not wait for the last date and time to upload the bid. Bid submission on E-PROCUREMENT Portal shall entirely be the responsibility of the bidder. City Police Officer, Faisalabad shall not be held responsible for any issues thereof. For any assistance regarding E-PROCUREMENT Portal, system support email and phone numbers are provided on the PPRA's website:
14. Income/Sales tax registration certificate and other documents as mentioned in the bidding document must accompany with the Bid Documents. Taxes will be deducted as per Government rules.
15. All the rates of E-bids or Proposals will be considered (inclusive of all taxes) and valid for the financial year up to 30.06.2027.
16. Late comers will not be allowed to participate in the Tender.

IPL:11416

**City Police Officer
Faisalabad**

Scanned with CamScanner

بقیہ نمبر ۔۔۔۔۔ 1

عبدالعلیم خان نے کہا کہ پہلے مرحلے میں ملک کے 86 بڑے پوسٹ آفسز کو ڈیجیٹائز کیا جا سکتا ہے کیونکہ اس بارے میں بروقت اقدامات نہ ہونے کے باعث ادارہ جدید سہولتوں سے محروم ہے اور اپنے مقابل ترسیل کے دیگر اداروں سے مقابلہ نہیں کر پا رہا۔

بقیہ نمبر ۔۔۔۔۔ 2

کی معیشت پہلے ہی مختلف چیلنجز کا سامنا کر رہی ہے، افغانستان اور بھارت کے ساتھ تجارتی رکاوٹوں کے بعد خطے میں مزید کشیدگی ملکی معیشت پر اضافی دباؤ ڈال سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران سمیت خطے کے ممالک کے ساتھ تجارتی راستوں کی بحالی پاکستان کے لیے اہم ہے کیونکہ اس سے تجارت، سرمایہ کاری اور برآمدات کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ قیصر احمد شیخ نے کہا کہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ سمیت مقدس مقامات کا تحفظ پوری امت مسلمہ کی مشترکہ ذمہ داری ہے، پاکستان اس حوالے سے اپنے عزم پر قائم ہے اور خطے میں امن کے قیام کے لیے اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔ چنیوٹ میں ہیپاٹائٹس کے کیسز کی اطلاعات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ کیسز کی تصدیق کے لیے دوبارہ ٹیسٹ کرائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صاف پانی کی عدم دستیابی سمیت مختلف عوامل بیماریوں کے پھیلاؤ کا سبب بن سکتے ہیں اس لیے صورتحال کا درست جائزہ لینا اور اس کے مستقل حل کے لیے موثر اقدامات کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ حکام اور حکومت کو صورتحال سے آگاہ کیا جائے گا تاکہ عوام کو معیاری علاج، ادویات اور ماہر ڈاکٹروں کی سہولیات فراہم کی جا سکیں، ضرورت پڑنے پر طبی سہولیات میں اضافہ اور مزید میڈیکل کیمپس بھی قائم کیے جانے چاہئیں تاکہ لوگوں کو ان کی دہلیز پر علاج کی سہولت میسر آ سکے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بچوں کی صحت اور تعلیم پر سرمایہ کاری پاکستان کے روشن مستقبل کے لیے ناگزیر ہے، پسماندہ علاقوں میں صحت اور تعلیم کی سہولیات بہتر بنانے اور بیماریوں کی بروقت تشخیص و علاج کے لیے موثر اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ قیصر احمد شیخ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی فلاح و بہبود اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے کوششیں جاری رہنی چاہئیں تاکہ شہریوں کو بہتر طبی سہولیات میسر آ سکیں اور معاشرے کو صحت مند، تعلیم یافتہ اور خوشحال مستقبل کی جانب گامزن کیا جا سکے۔

بقیہ نمبر ۔۔۔۔۔ 3

اصلاحات اور قدرتی ماحول کی بحالی کے لیے کیے جانے والے اقدامات کے مثبت نتائج کی عکاسی کرتے ہیں۔ سالٹ رینج کے ڈپٹی چیف

کے انٹرویوز کے لیے تفصیلی طریقہ کار موجود ہے جس کا مقصد میرٹ کو یقینی بنانا ہے۔ ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ فیڈرل پبلک سروس کمیشن کے حوالے سے جانبداری یا کسی کو ترجیح دینے سے متعلق امور حکومتی رپورٹ میں سامنے نہیں آئے، تاہم درست شخص کو درست عہدے پر تعینات کرنے کے مقصد کے حصول کے لیے مزید بہتری کی گنجائش موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر سرکاری اداروں میں تقرریوں کے عمل میں میرٹ کو مکمل طور پر یقینی بنا لیا جائے تو اس سے ملک کی ترقی کی رفتار مزید تیز کرنے میں مدد ملے گی

بقیہ نمبر ۔۔۔۔۔ 7

ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن سہیل ظفر چٹھہ عدالت میں پیش ہوئے۔ انہوں نے عدالت کو بتایا کہ نئے قواعد تیار کر کے چیف سیکرٹری پنجاب کو بھجوا دیئے گئے ہیں۔ سماعت کے دوران چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے ریمارکس دیئے کہ ریکارڈ کا جائزہ لینے سے جعلسازی ظاہر ہوتی ہے اور یہ ملی بھگت سے کی گئی ہے، ایک غلط رجسٹری سے جائیداد کی مالیت کہاں سے کہاں پہنچ جاتی ہے، رجسٹریوں کے انبار لگے ہوئے ہیں، لوگ خوار ہو رہے ہیں، لیکن متعلقہ حکام کے کان پر جوں تک نہیں رینگتی۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے استفسار کیا کہ اینٹی کرپشن میں کتنی پراسیکیوٹرز کی تعیناتی کے لیے کیا اقدامات کیے گئے ہیں۔ ڈی جی اینٹی کرپشن نے بتایا کہ مقدمات کی پیروی کے لیے فوجداری مقدمات کے وکلاء کی خدمات حاصل کی جائیں گی۔ اس پر چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ ڈیپوٹیشن پر آنے والے افسران کیس خراب کر دیتے ہیں، جبکہ پراسیکیوشن میں بھرتیوں کے لیے باقاعدہ اشتہار جاری کیا جانا چاہیے تاکہ اہل افراد کو میرٹ پر تعینات کیا جا سکے۔ عدالت نے ڈی جی اینٹی کرپشن کو نئے قواعد میں ترمیم سے متعلق تجاویز پر دوبارہ غور کرنے کی ہدایت بھی کی۔ سماعت کے دوران اینٹی کرپشن کے نظام، افسران کی تعیناتی اور پراسیکیوشن کے طریقہ کار سے متعلق اہم سوالات بھی زیر بحث آئے۔

بقیہ نمبر ۔۔۔۔۔ 8

دارالحکومت سیول میں منعقدہ گلوبل اے آئی اینڈ ڈیجیٹل سمٹ 2026 میں پنجاب کی نمائندگی کی۔

بقیہ نمبر ۔۔۔۔۔ 9

دردناک داستان ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ اقوام متحدہ کا ضمیر کب جاگے گا اور کشمیریوں کو ان کا حق خودارادیت کب ملے گا؟ 21 اپریل 1948 کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے قرارداد 47 منظور کی، جس میں جموں و کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ آزادانہ اور

عالمی سطح پر تمام فورمز پر مؤثر اور بھرپور انداز میں سنا جانا چاہیے۔ سہیل شوکت بٹ نے اپنے پختہ عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی بصیرت افروز قیادت میں پاکستان اپنے کشمیری بہن بھائیوں کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت ہر سطح پر جاری و ساری رکھے گا۔ پاکستان کشمیر کے غصب شدہ حقوق کی بحالی تک ان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا رہے گا

بقیہ نمبر ۔۔۔۔۔ 13

پر دستخط کر دیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تنظیم کا صدر دفتر چین کے شہر شنگھائی میں قائم ہوگا اور اس کے پہلے کونسل اجلاس کا انعقاد دسمبر کے وسط میں متوقع ہے۔ دریں اثنا وقفہ سوالات کے دوران ایک سوال کے جواب میں وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے بتایا کہ حکومت قومی مصنوعی ذہانت پالیسی پر عملدرآمد کے لیے نیشنل اے آئی ایڈوانسمنٹ ایجنسی اور وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن کے ذریعے اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مصنوعی ذہانت کے شعبے میں تربیت اور استعداد کار بڑھانے کے پروگرام جاری ہیں، جبکہ وظائف سے متعلق مزید تفصیلات متعلقہ سیکٹرز کو فراہم کی جائیں گی۔ مصنوعی ذہانت اور سوشل میڈیا کے حوالے سے ایک اور سوال کے جواب میں ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ مصنوعی ذہانت کی ٹیکنالوجی دنیا بھر میں تیزی سے پھیل رہی ہے اور پاکستان اس سے الگ تھلگ نہیں رہ سکتا۔ انہوں نے مصنوعی ذہانت کے ممکنہ منفی اثرات کا اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ حکومت اس ٹیکنالوجی کے غلط استعمال، جعلی خبروں، پروپیگنڈے، دھوکہ دہی اور بلیک میلنگ کی روک تھام کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سائبر جرائم سے متعلق بڑھتے ہوئے چیلنجز سے نمٹنے اور قانونی کارروائی کے لیے وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کے سابق سائبر کرائم ونگ کی جگہ نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) قائم کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر ۔۔۔۔۔ 14

27 اکتوبر 1947 کو ہندوستانی افواج نے ریاست جموں و کشمیر میں غیر قانونی مداخلت کا آغاز کیا تھا، جس نے کشمیر کو انسانی المیے اور استبداد کی گود میں ڈال دیا۔ آج ہم اس دن کو اس ظلم کے خلاف احتجاج اور کشمیری قوم کے حق خودارادیت کے عزم کی تجدید کے طور پر مناتے ہیں۔

بقیہ نمبر ۔۔۔۔۔ 15

عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا۔ منگل کو یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ 27

کارروائیاں کرے۔ آر پی او شیخوپورہ رضیع اطہر اسماعیل نے کہا کہ یہ صرف کسان کی باری کا پانی چوری کا معاملہ نہیں بلکہ سٹیٹ کا نہری پانی چوری ہو رہا ہے، پولیس انتظامیہ کو چاہیے کہ استغاثوں پر فوری ایف آئی آرز کا اندراج کر کے گرفتاریاں کریں۔ اجلاس میں آر پی او شیخوپورہ، ڈی آئی جی آپریشنز لاہور، ایڈیشنل کمشنر بلال حسن، چیف انجینئر زلاہور و فیصل آباد اور ممبرز نے شرکت کی جبکہ ڈی سیز اور ڈی پی اوز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی

بقیہ نمبر ۔۔۔۔۔ 19

کے خیالات، عادات اور کردار کو متاثر کر سکتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے خانقاہ نقشبندیہ ٹاؤن شپ لاہور میں "اللہ والوں کی صحبت کے فوائد و اثرات" کے عنوان پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اللہ والوں کی صحبت کا اصل مقصد محض کسی مجلس میں بیٹھنا نہیں، بلکہ اپنے دل و کردار کی اصلاح کرنا، نیکی کی رغبت پیدا کرنا اور اپنی زندگی کو قرآن و سنت کی تعلیمات کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کرنا ہے۔ ایسی مجالس انسان کو غفلت سے بیدار کرتی ہیں اور اسے یاد دلاتی ہیں کہ دنیا کی مصروفیات کے ساتھ اپنی آخرت کی تیاری بھی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر انسان اپنے اندر اچھے اخلاق، عبادت کا شوق، معاملات میں دیانت داری اور دوسروں کے حقوق کی ادائیگی کا جذبہ پیدا کرنا چاہتا ہے تو اسے نیک لوگوں سے تعلق قائم رکھنا چاہیے۔ اچھی صحبت کا فائدہ اسی وقت نمایاں ہوتا ہے جب انسان وہاں سے حاصل ہونے والی نصیحت کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنائے

بقیہ نمبر ۔۔۔۔۔ 20

27 اکتوبر 1947 کو جموں و کشمیر پر بھارتی افواج کا قبضہ کشمیری عوام کی تاریخ کا ایک سیاہ باب ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دن کشمیری عوام کی جدوجہد، قربانیوں اور حق خودارادیت کے حصول کے لیے ان کے غیر متزلزل عزم کی یاد دلاتا ہے۔ خالد حسین مگسی نے کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کی جائز جدوجہد اور ان کے بنیادی حق خودارادیت کی حمایت جاری رکھے گا۔ پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال کا نوٹس لے اور کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق دلانے کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ یوم سیاہ کشمیر عالمی برادری کے لیے کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی حمایت کے عزم کی تجدید کا دن ہے۔

بقیہ نمبر ۔۔۔۔۔ 21

زیر علاج مریضوں کو ادویات بیڈ پر ہی مہیا کی جائیں، کمشنر

مریضوں اور ان کے لواحقین کو سہولیات کی فراہمی ہسپتال انتظامیہ کی ذمہ داری ہے لہذا میڈیکل سپرنٹنڈنٹس وارڈز میں سٹاف کی ڈیوٹی لگائیں

مریضوں کو ہسپتال لے کر آنے والے لواحقین/اٹینڈنٹ اپنے عزیز رشتہ دار کی بیماری کے باعث پہلے ہی فکرمند ہوتے ہیں



فیصل آباد(انور شکیل سے) کمشنر فیصل آباد ڈویژن ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے چاروں اضلاع کے سرکاری ہسپتالوں کے وارڈز بالخصوص ایمرجنسی وارڈز میں زیر علاج مریضوں کو ادویات ان کے بیڈ پر فراہم کرنے کا حکم دیا اور کہا کہ مریضوں اور ان کے لواحقین کو سہولیات کی فراہمی ہسپتال انتظامیہ کی ذمہ داری ہے لہذا میڈیکل سپرنٹنڈنٹس وارڈز میں سٹاف کی ڈیوٹی لگائیں اور ڈاکٹر کی طرف سے آن لائن کی گئیں ادویات میڈیسن سٹور سے لاکر متعلقہ مریض/لواحق کو بیڈ پر ہی حوالے کریں۔ انہوں نے کہا کہ مریضوں کو ہسپتال لے کر آنے والے لواحقین/اٹینڈنٹ اپنے عزیز رشتہ دار کی بیماری کے باعث پہلے ہی فکرمند ہوتے ہیں لہذا مریضوں اور لواحقین کو ادویات متعلقہ بیڈ تک پہنچانے کی سہولت فراہم کریں تاکہ ان کو کسی بھی قسم کی پریشانی نہ ہو۔ کمشنر نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 22)

حکومت نے کھادوں کی قیمت کو مناسب حد تک قابو میں رکھا ہے

پاکستان چاول، مکئی، آلو اور چینی کی پیداوار میں فاضل پوزیشن میں ہے، رانا تنویر حسین




اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کو بتایا گیا ہے کہ حکومت نے کھادوں کی قیمت کو مناسب حد تک قابو میں رکھا ہے، پاکستان چاول، مکئی، آلو اور چینی کی پیداوار میں فاضل پوزیشن میں ہے۔ قومی اسمبلی کے اجلاس میں خورشید احمد جونیجو، رفیق احمد جمالی، میر شبیر علی بجارانی اور نذیر احمد بوگھیو کے توجہ مبذول نوٹس پر وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے بتایا کہ موجودہ حکومت کے آنے کے بعد پہلی مرتبہ کھاد کی فراہمی اور قیمتوں میں استحکام برقرار ہے، اس عرصے میں ہمیں کھاد درآمد کرنے کی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 28)

اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں سے ملاقات

عوام کو ریلیف کی فراہمی میں کسی قسم کی غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی، غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے خلاف آپریشن تیز کیا جائے

اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کی براہ راست شنوائی کا مقصد ان کے مسائل سے آگاہی حاصل کرنا اور ان کے حل کے لیے مؤثر اقدامات یقینی بنانا ہے


فیصل آباد(انور شکیل سے) ڈائریکٹر جنرل فیصل آباد ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایف ڈی اے) محمد آصف چوہدری نے حکومت پنجاب کی اوپن ڈور پالیسی کے تحت حسب معمول شہریوں سے ملاقات کی اور ان کے انفرادی و اجتماعی مسائل سنے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو شہریوں کی شکایات کے فوری ازالے اور محکمانہ امور کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹانے کی ہدایت کرتے ہوئے واضح کیا کہ عوام کو ریلیف کی فراہمی میں کسی قسم کی غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈی جی ایف ڈی اے نے ہدایت کی کہ غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے خلاف آپریشن تیز کیا جائے اور تجاوزات کے خاتمے سمیت قبضہ مافیا کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائیں۔ انہوں نے جائیدادوں کے وراثتی انتقالات کے اندراج میں تاخیر ختم کرنے، عدالتی ڈگریوں پر بروقت عملدرآمد یقینی بنانے اور دیگر محکمانہ معاملات کو جلد نمٹانے پر بھی زور دیا۔ محمد آصف چوہدری نے کہا کہ شہریوں کو اپنے مسائل کے حل کے لیے دفاتر کے غیر ضروری چکر نہیں لگانے چاہئیں اور تمام درخواستوں پر میرٹ کے مطابق بروقت کارروائی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 29)



فیصل آباد: وائس چانسلر ڈاکٹر رؤف اعظم، ڈائریکٹر سٹوڈنٹس افیئرز ڈاکٹر ندیم سہیل اور دیگر مقبوضہ کشمیر کے یوم سیاہ کے موقع پر واک کر رہے ہیں

کشمیر کی آزادی تک کشمیریوں کی حمایت جاری رکھیں گے، علامہ عبدالرشید حجازی

عالمی برادری کشمیری عوام کو حق خودارادیت دلانے کے لیے عملی اقدامات کرے



فیصل آباد(پ ر) ناظم اعلیٰ مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان علامہ عبدالرشید حجازی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کشمیر کی آزادی، حق خودارادیت اور ظلم و جبر کے خلاف کشمیری عوام کی جدوجہد کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان سمیت پوری پاکستانی قوم مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت ہمیشہ جاری رکھے گی۔ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اس کی آزادی و تکمیل کے بغیر پاکستان کی تکمیل نا مکمل ہے۔ ہم کشمیریوں کے جذبہ و ہمت کو سلام پیش (باقی صفحہ اندرونی نمبر 27)

شرح سود میں اضافے سے کاروباری سرگرمیاں شدید متاثر ہوں گی، صنعت کار ایسوسی ایشن

صنعتی شعبہ پہلے ہی بلند پیداواری لاگت، مہنگائی، کساد بازاری اور مختلف معاشی دباؤ کا سامنا کر رہا ہے، رپورٹ

کراچی (این این آئی) فیڈرل بی ایریا ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (فباٹی) نے نئی مانیٹری پالیسی کے تحت شرح میں 50 بیسز پوائنٹس کے اضافے کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس اقدام سے پاکستان کی برآمدی اور ایس ایم ایز سیکٹر کے لیے عالمی مارکیٹوں میں حریف ممالک کے ساتھ مسابقت انتہائی مشکل ہو جائے گی۔ اپنے بیان میں فباٹی کے صدر سید رضا حسین نے کہا کہ شرح سود 11.5 فیصد سے بڑھا کر 12 فیصد کرنا صنعتی اور کاروباری سرگرمیوں کے لیے نقصان دہ ثابت ہوگا، مہنگی فنانسنگ کے باعث صنعتوں اور کاروباری اداروں کی لاگت میں مزید اضافہ ہوگا۔

مدارس کو لاوارث نہ سمجھا جائے، مدارس کے خلاف کسی بھی اقدام کو برداشت نہیں کریں گے، سینیٹر مولانا عطاء الحق درویش

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے سینیٹر مولانا عطاء الحق درویش نے کہا ہے کہ مدارس کو لاوارث نہ سمجھا جائے، مدارس کے خلاف کسی بھی اقدام کو برداشت نہیں کریں گے۔ ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ مدارس کو لاوارث نہ سمجھا جائے، میں اس (باقی صفحہ اندرونی نمبر 23)

مہنگائی اور بے روزگاری نے غریب عوام کی زندگی اجیرن کر دی، حافظ عبدالعزیز

حکمران مہنگائی پر قابو پانے، امن وامان کی بہتری اور عوام کو ریلیف دینے کے لیے فوری اقدامات کریں



فیصل آباد(پ ر) حنان ایجوکیشن ویلفیئر کے صدر وسیم فوزی پاکستان کے ڈائریکٹر حافظ عبدالعزیز نے کہا ہے کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی اور بے روزگاری نے غریب عوام کی زندگی اجیرن کر دی ہے، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد ایل پی جی گیس کی قیمتوں میں بھی ہوش ربا اضافہ عوام کے لیے مزید مشکلات کا سبب بن رہا ہے۔ اشیائے خورد و نوش کی قیمتیں پہلے ہی پیٹرولیم مصنوعات کے بڑھتے ہوئے نرخوں کے باعث مسلسل اضافے کی زد میں ہیں، جبکہ گیس کی قیمتوں میں اضافے نے عوام کی پریشانیوں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 26)



فیصل آباد: علامہ کاکائی کی 41ویں سالانہ برسی کی منعقدہ تقریب سے انجاز ورک، سید فاروق حسین شاہ، پروفیسر ریاض احمد قادری، حاجی بشارت علی ڈوگر، محمد قاسم خان ریاض پرواز، مجیب نظامی، اقبال عظیمی، ڈاکٹر اظہار گلزار، راسد بخاری، ڈاکٹر حامد رضا زیدی، میاں بشیر انجاز، حمید شاکر، عارف ایاز، طارق محمود و دیگر خطاب کر رہے ہیں

مسئلہ کشمیر کا منصفانہ حل جنوبی ایشیا میں پائیدار امن، استحکام اور خوشحالی کے قیام کے لیے ناگزیر ہے، چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر کا منصفانہ حل جنوبی ایشیا میں پائیدار امن، استحکام اور خوشحالی کے قیام کے لیے ناگزیر ہے۔ یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ کشمیری (باقی صفحہ اندرونی نمبر 31)

آل پاکستان ریجنل نیوز پیپرز سوسائٹی (رجسٹرڈ) ضلع فیصل آباد کا اجلاس

اجلاس میں 92 نیوز کے نمائندہ اور سینئر صحافی امجد حسین امجد کے ساتھ ہونیوالی غنڈہ گردی کی مذمت

فیصل آباد(انور شکیل سے) آل پاکستان ریجنل نیوز پیپرز سوسائٹی (رجسٹرڈ) ضلع فیصل آباد نے گوجرہ کے سینئر صحافی امجد اسلام امجد کے ساتھ گوجرہ شہر میں ہونے والی غنڈہ گردی اور وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنانے کے واقعہ کی پرزور مذمت کی ہے آل پاکستان ریجنل نیوز پیپرز سوسائٹی (رجسٹرڈ) ضلع فیصل آباد کا ماہانہ اجلاس قاسم غوری کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں سینئر نائب صدر خالد محمود انجم نے ایک قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ گوجرہ میں 92 نیوز کے نمائندہ امجد اسلام امجد کے ساتھ ہونیوالا واقعہ قابل مذمت ہے اس کی شفاف انکوائری کسی ذمہ دار پولیس آفیسر سے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 30)



کراچی: ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان پاکستان آئی بینک سوسائٹی ہسپتال میں ہیڈ کانسٹیبل ہر علی کی عیادت کر رہے ہیں

محکمہ جیل خانہ جات گلگت بلتستان کے چار ہیڈ وارڈرز کو اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ جیل کے عہدے پر ترقی دے دی گئی

گلگت (این این آئی) محکمہ جیل خانہ جات گلگت بلتستان کے چار ہیڈ وارڈرز کو اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ جیل کے عہدے پر ترقی دے دی گئی۔ حکومت گلگت بلتستان، محکمہ داخلہ و جیل خانہ جات محکمانہ ترقیاتی کمیٹی کی سفارشات کی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 33)

مظلوم کشمیریوں کی حریت پسند عظیم جدوجہد آزادی کو سرخ سلام، ظفر شہزاد اسلم

ہر پاکستانی کا دل کشمیریوں کے ساتھ دھڑکتا ہے 24 کروڑ پاکستانیوں کی بھرپور حمایت کشمیری بھائیوں کو حاصل ہے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) ویوا ویلفیئر فاؤنڈیشن فیصل آباد کے بانی چیئرمین ظفر شہزاد اسلم، ڈائریکٹر طاہر محمود نے یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر مظلوم کشمیریوں کی حریت پسند عظیم جدوجہد آزادی کو سرخ سلام پیش کرتے ہیں کشمیریوں سے مکمل اظہار یکجہتی کرتے اور ان کے ناقابل تسخیر جذبہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہر پاکستانی کا دل کشمیریوں کے ساتھ دھڑکتا ہے 24 کروڑ پاکستانیوں کی بھرپور حمایت کشمیری بھائیوں کو حاصل ہے اور وہ استقامت سے ان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ اگرچہ ملک میں جاوہ حال معاشی بحران (باقی صفحہ اندرونی نمبر 32)

سیاسی لڑائیاں سیاستدانوں کو ہی حل کرنا ہوں گی، میاں ایوب

سیاسی افراتفری کا نقصان ہمیشہ جمہوریت کے خاتمہ کی صورت میں ہوتا ہے

فیصل آباد(سٹی رپورٹر) وائس چیئرمین پولیس اینڈ پبلک لائژن کمیٹی فیصل آباد میاں محمد ایوب سیاسی لڑائیاں سیاستدانوں کو ہی حل کرنا ہوں گی، اگر سیاست دانوں نے ہوش کے ناخن نہ لیے تو ملک میں رہی سہی جمہوریت کا بھی خاتمہ ہو سکتا ہے۔ سیاسی افراتفری کا نقصان ہمیشہ جمہوریت کے خاتمہ کی صورت میں ہوتا ہے۔ سیاست دانوں کے درمیان لگی مفادات کی آگ سے پوری قوم جل رہی ہے۔ آج پاکستان اس نہج پر پہنچ چکا ہے کہ قوم بری طرح تقسیم اور معیشت تباہی کے دہانے پر پہنچ چکی ہے۔ اس صورت حال کو نہ روکا گیا تو بڑے نقصان کا اندیشہ ہے۔ تاجر رہنماؤں کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 24)

کرخ، ڈی آئی جی خضدار رینج اور ایس ایس پی خضدار کے قافلے پر مسلح افراد کی فائرنگ، تین پولیس اہلکار زخمی

خضدار (این این آئی) خضدار کے علاقے میں ڈی آئی جی خضدار رینج اور ایس ایس پی خضدار کے قافلے پر مسلح افراد کی فائرنگ سے 3 پولیس اہلکار زخمی ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق ضلع خضدار کے تحصیل کرخ ایریا میں ڈی آئی جی خضدار رینج عمران قریشی اور ایس ایس (باقی صفحہ اندرونی نمبر 25)

گیس کا شدید بحران ملکی معیشت کے لئے زہر قاتل ثابت ہو رہا ہے

بے روزگاری اور بے لگام مہنگائی کا سیلاب بے قابو ہوتا جا رہا ہے حکومت پاکستان فوری ایکشن لیں



فیصل آباد(سٹی رپورٹر) خلیلی صدر علماء مشائخ ونگ جماعت اسلامی ریاض سعدی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ گیس کی بڑھتی ہوئی قیمتیں اور ایل پی جی گیس کا شدید بحران ملکی معیشت کے لئے زہر قاتل ثابت ہو رہا ہے۔ روز بروز پاور لومز فیکٹریز اور کارخانوں کی بندش سے بے روزگاری اور بے لگام مہنگائی کا سیلاب بے قابو ہوتا جا رہا ہے حکومت پاکستان فوری ایکشن لیں ملکی معیشت کو بچانے فیکٹری مالکان (باقی صفحہ اندرونی نمبر 37)

27 اکتوبر کا دن ناقابل فراموش دن ہے، افتخار سندھو

کشمیری جوانوں کو عقوبت خانوں میں رکھا گیا ہے، آئے روز کشمیری خواتین کی بے حرمتی کی جا رہی ہے



فیصل آباد(سٹی رپورٹر) افتخار سندھو نے کہا کہ 27 اکتوبر کا دن ناقابل فراموش دن ہے، جس دن ہندوستان نے اپنے ناپاک قدم مقبوضہ کشمیر کی پاک دھرتی پر رکھے اور اپنی فوجیں کشمیر میں اتار کر کشمیریوں کے حقوق سلب کرتے ہوئے غیر قانونی قبضہ کر کے انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا ایک دور شروع کیا۔ آج لائن آف کنٹرول کے دونوں جانب اور دنیا بھر میں مقیم کشمیری ہندوستان کے غیر قانونی تسلط کے خلاف یوم سیاہ منا رہے ہیں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 36)

حق خودارادیت ہر انسان کا بنیادی اور ناقابل تنسیخ حق ہے، بابر معراج

بھارت نے ظلم، جبر اور ریاستی طاقت کے ذریعے کشمیری عوام کی آواز دبانے کی ہر ممکن کوشش کی



فیصل آباد(سٹی رپورٹر) GIKI کے پروڈیوسر بابر معراج شاہی نے کہا ہے کہ بھارت نے ظلم، جبر اور ریاستی طاقت کے ذریعے کشمیری عوام کی آواز دبانے کی ہر ممکن کوشش کی، مگر ان کا عزم، حوصلہ اور استقامت آج بھی قائم ہے 27 اکتوبر تاریخ کا وہ سیاہ دن ہے جب بھارت نے جموں و کشمیر پر غاصبانہ قبضہ کر کے بین الاقوامی قوانین، اخلاقی اصولوں اور انسانی حقوق کی بدترین خلاف ورزی کی، 27 اکتوبر 1947ء کو بھارتی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 35)

حرمین شریفین کی حرمت پوری امت مسلمہ کے ایمان کا مرکز

مرکزی علماء کونسل پاکستان کی حرمین شریفین کو نشانہ بنانے کی کوشش کی شدید مذمت



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) مرکزی علماء کونسل پاکستان کی حرمین شریفین کو نشانہ بنانے کی کوشش کی شدید مذمت حرمین شریفین کی حرمت پوری امت مسلمہ کے ایمان و عقیدت کا مرکز ہے۔ مقدس مقامات کو نشانہ بنانے کی کسی بھی کوشش کو برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی مرکزی علماء کونسل پاکستان کے چیئرمین صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی نے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے علاقوں کو بیلسٹک میزائلوں کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 34)

مسئلہ کشمیر مسلمانوں کا نہیں انسانیت کا سمجھ کر حل کیا جائے، شیراز کاہلوں


کشمیری عوام کا قتل عام بند، گرفتار حریت رہنماؤں اور سیاسی کارکنوں کو فوری رہا کیا جائے لداخ میں جاری فوجی آپریشن اور کرفیو ختم کیا جائے

بھارت فوجی طاقت اور بے رحمانہ جارحیت قتل و غارتگری کے ذریعے ریاست پر زیادہ دیر قبضہ نہیں کر سکتا

فیصل آباد(سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ کے رہنما اور سابق اپوزیشن لیڈر میٹرو پولیٹن کارپوریشن چوہدری شیراز کاہلوں نے 27 اکتوبر کو کشمیری عوام کے لئے یوم سیاہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ کشمیری عوام گزشتہ سات دہائیوں سے تسلیم شدہ حق خودارادیت کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں اگر بھارت آج کے دن کشمیر میں نام نہاد الحاق کی آڑ لے کر فوجیں نہ اتارتا اور لاکھوں کشمیری ہجرت کرنے پر مجبور نہ ہوتے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بھارت فوجی طاقت اور بے رحمانہ جارحیت قتل و غارتگری کے ذریعے ریاست پر زیادہ دیر قبضہ نہیں کر سکتا اسے جلد یا بدیر ریاست سے اپنا بوریا بستر گول کرنا پڑے گا۔ انہوں نے کہا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 38)

مظلوم کشمیری بھارتی بدترین انسانیت سوز مظالم کا سامنا کر رہے ہیں

اقوام متحدہ بھارتی مظالم کا نوٹس لینے کیلئے عالمی مبصرین کو مقبوضہ جموں کشمیر میں بھیجے ریاض چوہدری



فیصل آباد(سٹی رپورٹر) سابق مشیر وزیراعظم آزاد کشمیر محمد ریاض چوہدری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ پچھلے 78 سال سے مظلوم کشمیری بھارتی بدترین انسانیت سوز مظالم کا سامنا کر رہے ہیں عالمی ضمیر نہ جانے کیوں خاموش ہے؟ کشمیری عوام 1947 سے بھارت کے ظلم و جبر کا سامنا کر رہے ہیں اقوام متحدہ بھارتی مظالم کا نوٹس لینے کیلئے عالمی مبصرین کو مقبوضہ جموں کشمیر میں بھیجے، کشمیری عوام 1947 سے بھارتی ظلم و جبر کا سامنا کر رہے ہیں بھارت نے مقبوضہ کشمیر میں ذرائع ابلاغ پر پابندیاں عائد کر رکھی ہیں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 43)

پاکستانی قوم کے دل کشمیری بھائیوں کیساتھ دھڑکتے ہیں، اعجاز ورک

پاکستان کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کی ہر ممکنہ مدد جاری رکھے گا، معرکہ حق کے بعد یہ امید پیدا ہوگئی ہے کہ کشمیریوں کو ضرور حق خودارادیت ملے گا

کشمیریوں کو ضرور حق خودارادیت ملے گا، مسئلہ کشمیر کشمیریوں کی خواہشات اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل ہونا چاہئے

فیصل آباد(پ ر) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما و سابق ممبر قومی اسمبلی چوہدری محمد اعجاز ورک ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر میں بھارتی غاصب فوجوں کے داخل ہونے کے دن کو ملک بھر میں یوم سیاہ کے طور پر منایا جائے گا، پاکستان کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کی ہر ممکنہ مدد جاری رکھے گا، معرکہ حق کے بعد یہ امید پیدا ہو گئی ہے کہ کشمیریوں کو ضرور حق خودارادیت ملے گا، مسئلہ کشمیر کشمیریوں کی خواہشات اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل ہونا چاہئے۔ 27 اکتوبر کشمیر کی تاریخ میں سیاہ ترین دن ہے، جب کشمیریوں کی مرضی کے بغیر کشمیر میں بھارتی قابض (باقی صفحہ اندرونی نمبر 44)

بریسٹ کینسر ایک خاموش قاتل ہے، حافظ مختار رندھاوا

ہمارا مقصد ہے کہ معاشرے میں بریسٹ کینسر سے متعلق شعور اجاگر کیا جائے

فیصل آباد(سٹی رپورٹر) بلال احمر ہسپتال فیصل آباد کے ایم ایس ڈاکٹر حافظ مختار رندھاوا اور کیئر ہیلڈ ڈاکٹر تحسین اسلم کہا "بریسٹ کینسر ایک خاموش قاتل ہے اس سے نجات کے لئے ہمارے معاشرے کے ذمہ داران اور تمام خواتین کو آگاہی دینا ضروری ہے تاکہ اس کے سدباب کے لئے عملی اقدامات کروائی جائے پاکستان میں ہر سال 40 ہزار سے زیادہ خواتین بریسٹ کینسر کی وجہ سے جان کی بازی ہار جاتی ہیں بریسٹ کینسر کا ابتدائی مرحلے میں پتہ لگانا اس مرض سے لڑنے کے لیے انتہائی اہم ہے ڈاکٹر تحسین اسلم نے اس بات پر زور دیا کہ "بریسٹ کینسر ایک خاموش قاتل ہے۔

بلوچستان میں ایف ڈبلیو او کی کارکردگی ناقص رہی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی

کوئٹہ(این این آئی) بلوچستان کے وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں فرنٹیئر ورکس آرگنائزیشن کے ساتھ کام کرنے کا تجربہ اچھا نہیں رہا ہے بلوچستان میں ایف ڈبلیو او کی کارکردگی ناقص رہی ہے بلوچ قوم پرستی کی بات کرنے والے لوگ صوبے میں پل گرا رہے ہیں۔

ملک میں آئین، قانون، دستور کا نہیں بلکہ بہت بڑے مافیا کا راج قائم، اصغر باجوہ

چینی کی ریٹیل قیمت 170 روپے فی کلو سے زیادہ ہونے پر چینی کی ایکسپورٹ فوری روک دی جائے گی



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) انجمن آڑھتیاں غلہ منڈی کے تاجر لیڈر حاجی اصغر علی باجوہ نے کہا کہ آئے روز ایل پی جی گیس، آٹے، گھی کی قیمتوں میں اضافہ ایک سنگین صورتحال اختیار کر چکا ہے۔ ملک میں آئین، قانون، دستور کا نہیں بلکہ بہت بڑے مافیا کا راج قائم ہے جو مسلسل عوام کا استحصال کر رہے ہیں جن کے سامنے قانون بھی بے بس ہے حکومت نے گزشتہ سال اکتوبر میں چینی کی برآمد کے وقت فیصلہ کیا تھا کہ چینی کی ریٹیل قیمت 170 روپے فی کلو سے زیادہ ہونے پر چینی کی ایکسپورٹ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 42)

قومی اسمبلی نے فرنٹیئر کانسٹیبلری تنظیم نو سمیت اہم بلز کی منظوری دیدی، مختلف بلز میں نعیمہ کشور کی ترامیم مسترد

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی نے فرنٹیئر کانسٹیبلری تنظیم نو، پاکستان اسٹڈی سینٹرز، فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن اور ٹریول ایجنسیز بل کی منظوری دے دی۔ پاکستان ٹورسٹ گائیڈز، پاکستان ہوٹلز اینڈ ریسٹورنٹس، موشن پکچرز اور فیڈرل کالج آف (باقی صفحہ اندرونی نمبر 45)

بیرسٹر گوہر کی نئے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کی نامزدگی کیلئے اجلاس کی تردید

آج تک عمران خان کی منشا کے بغیر فیصلے نہیں کیے، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے نئے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کی نامزدگی کیلئے اجلاس کی تردید کر دی۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو میں بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ بطور وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کیلئے کوئی اجلاس نہیں ہوا، کسی اور وزیراعلیٰ کیلئے تو سوچا بھی نہیں ہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ نیا وزیراعلیٰ کون ہوگا یہ ہم کسی ایجنڈے پر نہیں رکھا، وزیراعلیٰ سہیل آفریدی تھے، ہیں اور رہیں گے، کوئی تبدیل کرنے کا سوچ بھی نہیں۔ چیئرمین تحریک انصاف نے کہا کہ عمران خان کی بہنوں سمیت ارکان اسمبلی کی نظر بندی ختم ہونی چاہیے۔

اسوہ شبیری پر عمل کرنا موجودہ وقت کی ضرورت ہے

قومی مفادات کو ذاتی مفادات پر ترجیح دی جائے، علی حیدر حسنی



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان کے نامور مشائخ وسجادہ نشین دربار عالیہ مرشد علی پاک صاحبزادہ پیر علی حیدر حسنی نے کہا کہ اسوہ شبیری پر عمل کرنا موجودہ وقت کی ضرورت ہے زبانی کلامی دعوں سے کسی کو کچھ نہیں ملے گا۔ چیلنجز سے نمٹنے کیلئے سیاسی استحکام وقت کی اہم ضرورت ہے۔ غربت، مہنگائی کے ستائے عوام کو فوری ریلیف دینا ہو گا موجودہ معاشی و سیاسی بحران کے خاتمے کے لئے ارباب اختیار اور تمام (باقی صفحہ اندرونی نمبر 39)

بلوچستان کی شاہراہوں پر مسافروں کا تحفظ یقینی بنایا جائے، محفوظ آمدورفت ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ بلوچستان کی قومی شاہراہوں پر مسافر کوچز، ٹرانسپورٹ عملے اور عام شہریوں کی حفاظت کے لیے مؤثر اور مربوط سیکیورٹی انتظامات ناگزیر ہیں۔



کراچی: کے ایم سی سٹی کونسل کی رکن مسرت نیازی اور دیگر محکمہ سٹی انسٹیٹیوٹ آف ایج مینجمنٹ میں پنک اکتوبر کے سلسلے میں بریسٹ کینسر سے آگاہی کے حوالے سے منعقدہ سیمینار کے شرکا کا گروپ فوٹو

امریکا میں پاکستانی سفیر کی قیادت میں پاکستانی ٹیکنالوجی وفد کا شکاگو کے انوویشن ہب 1871 کا دورہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ کی شکاگو کاروباری و پروفیشنل کمیونٹی سے ملاقاتیں ہوئی ہے، جس میں شکاگو کی پاکستانی امریکی کاروباری و پیشہ وارانہ کمیونٹی کے ساتھ روابط مزید مضبوط بنانے پر زور دیا گیا۔

معاشی بحران نے عوام کی زندگی کو ایک گہرے کنویں کی طرح بنا دیا، طاہر شیخ

پاکستان ایک عظیم ملک ہے۔ جس کی بنیادوں میں صلاحیتوں اور وسائل کی کوئی کمی نہیں



فیصل آباد (سٹی رپورٹر)۔ مہنگائی روز بروز بڑھ رہی ہے، بے روزگاری کا تناسب بھی بڑھتا جا رہا ہے، اور بنیادی ضروریات جیسے کہ کھانا، پانی، اور بجلی ہر ایک کے لیے مشکل ہو رہے ہیں۔ بحران کے زیادہ تر لوگ اپنی زندگی کے لیے جدوجہد کرتے ہیں اور مرنے مارنے کی حالت میں ہیں ان خیالات کا اظہار پاکستان پیپلز پارٹی کے ڈویژنل وڈسٹرکٹ میڈیا کوآرڈینیٹر محمد طاہر شیخ نے روز بروز بڑھتی ہوئی مہنگائی اور معاشی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 46)

بیگم نصرت بھٹو عزم واستقامت کا پیکر تھیں، حفیظ انجم

بیگم نصرت بھٹو ضیائی آمریت کے خلاف مزاحمت کی علامت تھی جس نے بدترین ظلم و ستم، نظر بندیوں، لاٹھی چارج اور جیل کی سختیاں برداشت کرتے ہوئے جمہوری علم کو سربلند رکھا

پاکستان میں جمہوریت کی بحالی اور عوامی حکمرانی کے لئے بیگم بھٹو کی تاریخ ساز جدوجہد ہے جسے کسی صورت فراموش نہیں کیا جاسکتا

فیصل آباد(سٹی رپورٹر) ٹکٹ ہولڈر پی پی 107 پاکستان پیپلز پارٹی حفیظ انجم جنجوعہ نے کہا ہے کہ بیگم نصرت بھٹو ضیائی آمریت کے خلاف مزاحمت کی علامت تھی جس نے بدترین ظلم و ستم، نظر بندیوں، لاٹھی چارج اور جیل کی سختیاں برداشت کرتے ہوئے جمہوری علم کو سربلند رکھا، پاکستان میں جمہوریت کی بحالی اور عوامی حکمرانی کے لئے بیگم بھٹو کی تاریخ ساز جدوجہد ہے جسے کسی صورت فراموش نہیں کیا جا سکتا آئرن لیڈی بیگم نصرت بھٹو کی بحالی جمہوریت و قانون و آئین کی بالادستی کے لئے لازوال قربانیاں آج بھی مشعل راہ ہے پیپلز پارٹی ایک نظریے کا نام ہے جسے کوئی ختم نہیں کر سکتا شہادتوں کی داستان بھٹو خاندان ہے مادر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 40)

ایل پی جی مافیا کو لگام ڈالنے کی اشد ضرورت ہے، اسامہ سعید

عوام کو کچھ ریلیف دیا جائے مافیا سے جان چھڑائی جائے

فیصل آباد(پ ر) چیئرمین لینڈ ریونیو اینڈ ہاؤسنگ کمیٹی پنجاب لاہور ہائی کورٹ بارایسوسی ایشن، وائس چیئرمین مرکزی تنظیم تاجران پاکستان، وائس چیئرمین انجمن تاجران سٹی رجسٹرڈ فیصل آباد ملک اسامہ سعید اعوان، ملک حاکمین سعید اعوان نے کہا ہے کہ ایل پی جی مافیا کو لگام ڈالنے کی اشد ضرورت ہے۔ گھریلو گیس کی لوڈشیڈنگ کے باعث ایک واحد آپشن ایل پی جی ہی ہے جس کا ریٹ مافیا نے آسمان پر پہنچا دیا ہے اور تعجب کی بات ہے بیوروکریسی، ٹیپر فورس سمیت تمام محکمے مافیا کے سامنے سرنڈر کیے کھڑے ہیں کوئی سخت ایکشن نہیں لیا جا رہا ہے اس وقت فیصل آباد میں ایل پی جی فی کلو سرکاری ریٹ 280 روپے ہے جبکہ مافیا بلیک میں 600 روپے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 41)

دنیا کا ہر باشعور انسان مظلوم کشمیریوں کیساتھ ہے، اعجاز چوہدری

"عالمی طاقتوں کا مسلم کش سامراجی ایجنڈا کب ہوگا ختم، کب ہمارے مسلم حکمرانوں کی سوئی ہوئی غیرت جاگے گی؟

کشمیر پر بھارتی جبری قبضہ اور وحشیانہ جارحیت کے 78 سال مکمل ہو گئے جنوبی ایشیا میں ہندوستان کی بالادستی کا "امریکی واسرائیلی" خواب کبھی پورا نہیں ہوگا

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر محمد اعجاز چوہدری نے کہا کہ "مظلوم کشمیریوں کے غم جانے کب ہوں گے کم" "عالمی طاقتوں کا مسلم کش سامراجی ایجنڈا کب ہوگا ختم، کب ہمارے مسلم حکمرانوں کی سوئی ہوئی غیرت جاگے گی؟ 27 اکتوبر کو دنیا بھر میں مقیم کشمیری بھارتی انتہا پسندی اور انسانیت سوز مظالم کے خلاف یوم سیاہ منا کر عہد کرتے ہیں کہ وہ درندہ صفت بھارتی فوجیوں کا مکروہ چہرہ بے نقاب کرتے ہیں انڈین مظالم کی پیپلز پارٹی شدید مذمت کرتی ہے بھارتی مظالم شرم ناک اور قابل مذمت ہیں کشمیر پر بھارتی جبری قبضہ اور وحشیانہ جارحیت کے 78 سال مکمل ہو گئے جنوبی ایشیا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 50)

اتحاد امت کے لیے کام کرنا علماء ومشائخ کی اولین ذمہ داری ہے، آصف قادری

مسلم حکمران اپنے اتحاد سے اسلام دشمن طاقتوں کی سازشوں کو ناکام بنا سکتے ہیں

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) اتحاد امت کے لیے کام کرنا علماء ومشائخ کی اولین ذمہ داری ہے۔ پاکستان سنی تحریک اتحاد امت کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ امت مسلمہ کے تمام مسائل کا حل اتحاد امت میں مضمر ہے۔ اتحاد امت ہر دور میں امت محمدی کیلئے بنیادی ضرورت رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان سنی تحریک کے مرکزی کوآرڈینیٹر وممبر ضلعی امن کمیٹی پروفیسر پیر میاں محمد آصف رضا قادری نے NA-100 کے زیر اہتمام 6 چک یوڈیوال روڈ پر منعقدہ اتحاد امت سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ مسلم حکمران اپنے اتحاد سے اسلام دشمن طاقتوں کی سازشوں کو ناکام بنا سکتے ہیں۔



فیصل آباد: جی سی ویمن یونیورسٹی میں یوم سیاہ کے حوالے سے ریلی کی قیادت کرتے ہوئے رجسٹرار ڈاکٹر محمد ایوب کوآرڈینیٹر ڈاکٹر عائشہ تحسین، ڈاکٹر شازیہ عدنان، ڈاکٹر سعدیہ عاصم، ڈاکٹر انسہ جمشید و دیگر شریک ہیں



فیصل آباد: پاکستان سنی تحریک NA-100 کے زیر اہتمام "اتحاد امت سیمینار" سے مرکزی کوآرڈینیٹر وممبر ضلعی امن کمیٹی پروفیسر پیر میاں محمد آصف رضا قادری و دیگر خطاب کر رہے ہیں

Scanned with CamScanner